اشاریہ
سالنامہ معارفِ رضا کراچی
(1980ء تا 2006ء)
مرتب
سید صابر حسین شاہ بخاری قادری
ناشر
ادارہ تحقیقاتِ امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی
www.imamahmadraza.net

اِشاریہ

سالنامہ معارفِ رضا، کراچی

[1981ء تا 2006ء]

مرتب

سید صابر حسین شاہ بخاری قادری

ناشر

ادارہ تحقیقات امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی

نام	اشاریہ معارف رضا (سالنامہ)
	[۱۹۸۱ء تا ۲۰۰۶ء]
مرتب	سید صابر حسین شاہ بخاری قادری
صفحات	
اشاعت	فروری ۲۰۰۸ء/ ۱۴۲۹ھ
تعداد	ایک ہزار
قیمت	روپے

ملنے کے پتے

ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا انٹرنیشنل

۲۵۔ جاپان مینشن، رضا چوک (ریگل)، صدر، کراچی ۷۴۴۰۰، پاکستان

فون: 2725150-21-92+ فیکس: 2732369-21-92+

ای۔میل: imamahmadraza@gmail.com

ویب سائٹ: imamahmadraza.net

انتساب

بنام

رئیس المحققین سرمایۂ اہل سنت فدائے اعلیٰ حضرت

فخر السّادات حضرت قبلہ علامہ صاحبزادہ

سید وجاہت رسول قادری

.... دامت برکاتہم العالیۃ.......

سید صابر حسین شاہ بخاری

اظہار تشکر

۱۔ حضرت قبلہ علامہ صاحبزادہ سیّد وجاہت رسول قادری صاحب مدظلہ

انہوں نے نہ صرف "معارف رضا" کا اشاریہ مرتب کرنے کی ذمہ داری فقیر کو سونپی بلکہ مقدمہ لکھا اور اسے احسن انداز میں زیور طباعت سے نوازا۔

۲۔ پروفیسر محمد سرور شفقت صاحب مدظلہ

انہوں نے "اشاریہ معارف رضا" ملاحظہ فرمانے کے بعد کلمات شفقت سے نوازا۔

۳۔ محمد عبدالقیوم طارق سلطان پوری مدظلہ

انہوں نے نہایت خوبصورت قطعۂ تاریخ طباعت رقم فرمایا۔

۴۔ صاحبزادہ ابوالحسن واحد رضوی مدظلہ

انہوں نے نہ صرف کپوزنگ اپنی نگرانی میں کروائی بلکہ پروف ریڈنگ بھی کی اور شروع میں خوبصورت تقدیم بھی رقم فرمائی۔

فقیر ان تمام احباب کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے طفیل ان تمام احباب کو سلامت باکرامت رکھے۔ آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین، صلی اللہ تعالیٰ علیہ و آلہٖ و اصحابہ اجمعین۔

شکر گزار و دعا گو

سیّد صابر حسین شاہ بخاری

مشمولات

پیش لفظ

نحمدہ ونصلی علی رسو لہ الکریم

رضا کے معا رف کا آئینہ دار
مجلہ یہ پاکیزہ و خوش نما

(طارق سلطانپوری)

فدائے اعلیٰ حضرت مولانا سید محمد ریاست علی قادری رحمہ الباری (م۱۹۹۲ء) نے اپنے احباب کے ساتھ ۱۹۸۰ء میں شہر کراچی میں ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا کی بنیاد رکھی۔ ادارہ کے اغراض و مقاصد درج ذیل تھے۔

۱۔ امام احمد رضا کی سیرت و کردار اور ان کی دینی و ملّی خدمات پر تحقیقی مقالات اور کتب کی اشاعت۔

۲۔ امام احمد رضا کی غیر مطبوعہ تصانیف کو منظر عام پر لانا۔

۳۔ ہر سال قومی اور ملکی سطح پر امام احمد رضا کانفرنس کا انعقاد جس میں اپنوں کے علاوہ غیر جانبدار محققین، دانشور اور اہل علم و فن حضرات کی شمولیت۔

۴۔ انگریز اور ہندوؤں کی غلامی سے آزادی حاصل کرنے کے لیے امام احمد رضا کی

سیاسی اور ملی خدمات کو اجاگر کرنا۔

۵۔ ہر سال کانفرنس کے موقع پر ایک یادگاری مجلّہ اور سالنامہ ''معارف رضا'' کا اجراء مولانا سید محمد ریاست علی قادری رحمہ الباری نے ۱۹۸۱ء میں اعلیٰ حضرت بریلوی کے جذبہ فداکاری سے سرشار ہو کر ''معارف رضا'' کا پہلا شمارہ نکالا اور نشانِ منزل پا کر سوئے منزل رواں دواں ہوئے۔ آپ کے اس عظیم مشن و مقصد میں کئی رکاوٹیں آئیں لیکن آپ کے پایۂ استقلال میں لغزش تک نہ آئی اور اپنی پوری طاقت کے ساتھ اپنی راہ کی کانٹے دار جھاڑیوں کو ہٹانے میں کامیاب ہو گئے۔(۱)

علامہ صاحبزادہ سید وجاہت رسول قادری آپ کی خدمات کو یوں خراجِ تحسین پیش فرماتے ہیں:

''اس میں کوئی شک نہیں کہ سالنامہ ''معارف رضا'' کے اجراء اور امام احمد رضا کانفرنس کے سال بہ سال انعقاد میں سید صاحب مرحوم کی ذاتی کاوشوں اور جدوجہد کا بہت بڑا حصہ تھا۔ وہ اپنی ذات میں ایک انجمن تھے، وہ اپنی ذات میں ایک ادارہ تھے، وہ عاشق تھے اللہ عزوجل کے، وہ عاشق تھے اللہ کے رسول مکرم ﷺ کے وہ عاشق تھے ان کے جو اللہ کے رسول ﷺ سے عشق و محبت کی نسبت رکھتے تھے، وہ عاشق تھے اس عاشق صادق کے جس کا نام امام احمد رضا خان ہے، وہ جو خود کو ''عبد المصطفیٰ'' کہلوانے پر فخر محسوس کرتا تھا وہ جو اپنوں اور بیگانوں میں ''عاشق رسول ﷺ'' کے نام سے مشہور ہے، وہ جس کو عالم نے ''امام وقت'' اور ''مجدّد دین وملّت'' کے لقب سے پکارا۔

بہر حال سید صاحب چلے گئے، ان کو ایک دن جانا ہی تھا اور سب ہی کو ایک دن اس دنیا سے جانا ہے، لیکن سید صاحب اپنے خونِ جگر سے عشق و محبت کی ایک داستان رقم کر گئے ایک ایسا ادارہ قائم کر گئے جو رہتی دنیا تک ان کی یاد دلاتا اور مناتا رہے گا، جب بھی امام

احمد رضا قدس سرہٗ العزیز پر کوئی علمی اور تحقیقی کام ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا کے توسط سے منصۂ شہود پر آئے گا، سید ریاست علی قادری کا نام بھی اس کے ساتھ لکھا جائے گا۔" (۲)

مولانا سید محمد ریاست علی قادری رحمہ الباری کے "کارِ رضا" کے سفر میں علامہ شمس بریلوی، پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد، مولانا محمد اطہر نعیمی، محمد شفیق قادری، شاہ تراب الحق قادری، پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری، سید وجاہت رسول قادری نمایاں طور پر شریک سفر رہے۔

۱۹۸۱ء سے "معارف رضا" نے اپنے سفر کا آغاز کیا، یہ نام علامہ شمس بریلوی علیہ الرحمۃ کا تجویز کردہ تھا۔ علامہ شاہ تراب الحق قادری نے اس کی اشاعت کا اہتمام کیا۔ اس کے اجراء کے مقاصد کی نشاندہی پر اس کے اداریے شاہد عدل ہیں۔ مثلاً پہلے شمارے کے اداریہ میں مولانا سید محمد ریاست علی قادری رحمہ الباری فرماتے ہیں:

"ادارۂ "معارف رضا" نے اس مجلّہ کو اس جذبے کے ساتھ پیش کیا ہے کہ برصغیر کی اس عظیم المرتبت شخصیت جس کو اَبنائے علم و فضل اعلیٰ حضرت مجدّد دین و ملت مولانا شاہ محمد احمد رضا خان صاحب فاضل بریلوی قدس سرہٗ کے نام سے یاد کرتی ہے، ان کے علمی و عملی کارناموں کو جدید دور کے تقاضوں کے مطابق پیش کیا جائے، ہمیں نہایت افسوس کے ساتھ یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ ماسبق میں ایسی نابغۂ روزگار شخصیت جن کی تصنیفات کی تعداد ایک ہزار سے متجاوز ہے ان تک ان کے بارے میں کوئی شایانِ شان کام منصۂ شہود پر نہیں آیا، افسوس تو یہ ہے کہ موصوف کی تصنیفات کی اکثریت اب تک زیورِ طبع سے آراستہ نہ ہو سکی۔" (۳)

۱۹۹۲ء میں بانی ادارہ مولانا سید محمد ریاست علی قادری رحمہ الباری کی اچانک وفات سے ادارہ کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا، خدشہ تھا کہ سالنامہ "معارف رضا" ضرور متاثر ہوگا لیکن ان کے رفیقِ خاص مولانا سید وجاہت رسول قادری نے صبر و تحمل کا مظاہرہ فرمایا اور نہایت

استقامت سے مسعود ملت پروفیسر محمد مسعود احمد کی سر پرستی میں ''معارفِ رضا'' کو خوب سے خوب تر بنانے میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی۔

۱۹۸۱ء سے ۲۰۰۰ء تک ''معارفِ رضا'' سالنامہ کی حیثیت سے شائع ہوتا رہا۔ ۱۹۸۶ء سے ''معارفِ رضا'' میں انگریزی حصے کا اضافہ ہوا۔ ۱۹۹۹ء میں معارف رضا بیک وقت عربی، انگریزی اور اردو میں شائع ہوا۔ جنوری ۲۰۰۰ء سے سالنامہ ''معارفِ رضا'' کے ساتھ ساتھ ماہانہ ''معارفِ رضا'' بھی شروع کردیا گیا جو نہایت کامیابی کامرانی سے جاری وساری ہے۔

اگرچہ ''معارفِ رضا'' میں اردو کے علاوہ عربی اور انگریزی مقالات بھی شائع ہوتے رہے لیکن امام احمد رضا کی حیات وکارناموں پر انگریزی اور عربی زبان میں لٹریچر کی بڑھتی ہوئی مانگ کے پیش نظر ۲۰۰۳ء سے عربی اور انگریزی مقالات پر مشتمل 'معارفِ رضا' علیحدہ طور پر اشاعت پذیر ہونے لگے۔

یوں تو معارف رضا کا ہر شمارہ ہی خاص ہے لیکن انٹرنیشنل ایڈیشن ۱۹۹۱ء صد سالہ جشن منظر اسلام بریلی نمبر ۲۰۰۱ء اور خصوصی سلور جوبلی نمبر ۲۰۰۵ء کو شہرت عام اور بقائے دوام حاصل ہوئی۔

''معارفِ رضا'' کو دنیائے اہل سنت کے صحافتی میدان میں نہایت روشن اور نمایاں مقام حاصل ہے۔ یہ برصغیر پاک وہند کے علاوہ برطانیہ، امریکہ، جنوبی افریقہ، مصر، ماریشس، سری لنکا، ہالینڈ، بلجیم وغیرہ کی مختلف جامعات، پبلک لائبریریوں اور نامور اسکالر اور دیگر اشاعتی اداروں کو مسلسل مل رہا ہے۔

یوں تو دنیائے اہل سنت صحافتی میدان میں کسی سے پیچھے نہیں۔ اکثر رسائل و جرائد مختلف موضوعات پر شائع ہورہے ہیں۔ لیکن کسی ایک شخصیت پر شائع ہونے والا اور پھر مسلسل کامیابی کی طرف گامزن رہنے والا غالباً ''معارفِ رضا'' واحد مجلّہ ہے۔ مولانا سید

وجاہت رسول قادری فرماتے ہیں۔

''کسی ایک شخصیت پر شائع ہونے والا غالباً دنیا کا واحد مجلّہ ہے لیکن یہ حقیقت ہے کہ اس وارث علوم رسول ﷺ کی سیرت وافکار پر جتنی تیز رفتاری سے تحقیق وتحریر اور تصنیف وتالیف کا کام آگے بڑھ رہا ہے اس سے زیادہ رفتار سے ان کی ہمہ جہت شخصیت اور علمی وجاہت کے نئے نئے زاویے محققین اور اہل علم کے سامنے آرہے ہیں اور اہل علم و فن حیران وششدر ہیں کہ یہ کیسی شخصیت ہے، جس کے علم کی انتہا کا اب تک کوئی سراغ نہ مل سکا؟ علوم ظاہری وباطنی کا یہ کیسا غوّاص ہے کہ جس کسی نے بھی اپنے اپنے ظرف واستعداد کے اعتبار سے جس گوہر علم کے حصول کی التجا کی اس نے وہی ان کی گود میں ڈال دیے؟'' (۴)

رسائل وجرائد کی فہرست سازی کی اہمیت وافادیت اظہر من الشّمس ہے پروفیسر زکریا ساجد (سابق صدر شعبۂ ابلاغیاتِ عامہ، جامعہ کراچی) نے کیا خوب فرمایا ہے۔

''صحافتی ادب سے استفادہ کے سلسلے میں ایک بڑی رکاوٹ یہ رہی ہے کہ ابھی تک ہمارے ہاں جرائد ورسائل میں مطبوعہ مضامین ومندرجات کا اشاریہ مرتب کرنے کی روایت جڑ نہیں پکڑ سکی۔ اس طرح ہم ماضی کی اہم اور معرکہ آرا تخلیقات سے فائدہ اٹھانے سے محروم رہ جاتے ہیں کیونکہ مختلف رسالوں کے فائل بہت کم جگہ دستیاب ہیں اور اشاریہ نہ ہونے کے باعث اپنی ضرورت اور دلچسپی کے مضامین کی تلاش ایک امر محال ہے، تصنیف و تالیف اور فن کتاب داری کے نئے تقاضوں کے پیش نظر اب اہم قومی اخبارات ورسائل کے اشاریے مرتب کرنے پر توجہ دی جارہی ہے۔ اسے بجا طور پر علمی تحقیق کی سرپرستی وحوصلہ افزائی کی جانب ایک مثبت قدم تصور کیا جانا چاہیے۔'' (۵)

خواجہ رضی حیدر (قائداعظم اکیڈمی کراچی) رسائل کی اشاریہ سازی کے بارے میں فرماتے ہیں:

''علمی و تحقیقی کتب کی اشاریہ سازی کے بعد رسائل و جرائد میں شامل مواد و مضامین نہ صرف مستقل نوعیت کے ہوتے ہیں بلکہ تحقیقی ضرورتوں کو بھی پورا کرتے ہیں۔ یورپ و امریکہ میں رسائل و جرائد کے علاوہ اخبارات کی بھی اشاریہ سازی کی جاتی ہے اور کسی محقق کو اپنے موضوع سے متعلق مواد کی تلاش میں اخبارات و رسائل کے مکمل فائلوں کی جانچ پڑتال نہیں کرنا پڑتی۔ وہ اشاریہ کی رہنمائی میں اپنے مطلوبہ مواد تک بآسانی پہنچ جاتا ہے۔''(۶)

اشاریہ سازی کی اہمیت وافادیت کے پیش نظر محققین نے اس جانب توجہ دی ہے اور کئی رسائل کے ''اشاریے'' سامنے آئے ہیں۔ یقیناً یہ ایک اچھا اقدام ہے۔(۷)

مولانا سید وجاہت رسول قادری نے ''معارف رضا'' کے سالناموں کا اشاریہ مرتب کرنے کی ضرورت کو محسوس کیا اور پھر اس کام کے لیے قرعۂ فال راقم کے نام نکلا۔ ''معارف رضا'' (سالنامہ) ستائیس سال مکمل کرنے والا ہے۔ چھبیس سالوں کا اشاریہ حاضر خدمت کیا جارہا ہے۔

مجموعی طور پر چھبیس سالوں میں اس کے ۶۵۹۳ صفحات بنتے ہیں 'معارف رضا' کے وہ شمارے جو عربی اور انگریزی مقالات پر مشتمل ہیں اور ان کی اشاعت علیحدہ طور پر ہوتی ہے۔ اس اشاریہ میں ان کو شامل نہیں کیا گیا ہے۔

جنوری ۲۰۰۰ء سے ''معارفِ رضا'' کے ماہانہ طور پر بھی شمارے اشاعت پذیر ہو رہے ہیں۔ ماہنامہ کو بھی اس اشاریہ میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ ماہنامہ کا الگ طور پر اشاریہ مرتب کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ.........

پیشِ نظر اشاریہ تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ منثورات ہے۔ اس میں اداریات، شذرات اور مقالات شامل ہیں۔ اداریات سالناموں کی ترتیب سے دے دیے گئے ہیں۔ پھر شذرات کی ترتیب الفبائی ہے۔ آخر میں مقالات ہیں۔ مقالہ نگار کا نام جلی حروف

میں ہے۔اس کے نیچے عنوان مقالہ،شمارہ نمبراور قوسین میں سال اشاعت اور آخر میں وہ صفحہ / صفحات جن پر مقالہ / مضمون موجود ہے۔اندراجات کی ترتیب مقالہ نگار کے اعتبار سے الفبائی ہے۔اشاریہ کا دوسرا حصہ منظومات پر مشتمل ہے اور اس میں الفبائی ترتیب سے حمدیہ کلام، رباعیات، قصائد، قطعات، مرثیہ، مناجات، مناقب اور نعتیہ کلام دیا گیا ہے۔اس حصے کے اندراجات کے عناصر ترکیبی اس طرح ہیں۔شاعر کا نام، حمد، نعت یا منقبت وغیرہ کا پہلا مصرع، شمارہ نمبر، قوسین میں سال اشاعت اور آخر میں وہ صفحہ / صفحات جن پر کلام موجود ہے ۔اندراجات کی ترتیب شاعر کے نام سے الفبائی ہے۔

اشاریہ کا آخری حصہ نوادرات پر مشتمل ہے۔اس میں تراشے، حواشی، سرورق، سندات، مخطوطات رقعات اور مکتوبات شامل ہیں۔تمام کی ترتیب الفبائی ہے اور اندراجات کا طریق کار بھی حسب سابق ہے۔لیجیے معارف رضا (سالنامہ) کا اشاریہ ملاحظہ فرمائیے! مقالہ نگاران پر ایک طائرانہ نظر ڈالیں ، کیسے کیسے علم و ادب کے درخشندے ستارے ہیں۔ عنوانات کو دیکھیے !ان میں کس قدر تنوع اور وسعت ہے۔امید ہے راقم کی یہ کوشش ناتمام قدر کی نگاہ سے دیکھی جائے گی۔

اشاریے سے استفادہ کے بعد اپنی آراء سے ضرور نوازیں تا کہ اسے خوب تر بنایا جاسکے۔جو بھی اس اشاریہ سے مستفیض ہوں وہ اس بندہ کو اپنی دعاؤں میں ضرور یاد رکھیں۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب ﷺ کے طفیل ہم سب کو دین و دنیا میں کامیابی و کامرانی عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ اجمعین۔

سیّد صابر حسین شاہ بخاری

برہان شریف، ضلع اٹک، پنجاب پاکستان

۱۴فروری ۲۰۰۷ء

حواشی

(۱) دیکھئے:

(ا) صابر حسین شاہ بخاری سید: علامہ سید محمد ریاست علی قادری کی خدمات پر ایک نظر مطبوعہ راولپنڈی ۱۹۹۲

(ب) مجید اللہ قادری، پروفیسر ڈاکٹر: صاحب فیضِ رضا مطبوعہ کراچی ۱۹۹۲ء
وجاہت رسول قادری سید:

(ج) مجید اللہ قادری، پروفیسر ڈاکٹر: تذکرہ اراکین ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا مطبوعہ کراچی ۲۰۰۵ء

(د) وجاہت رسول قادری سید: اداریہ، معارفِ رضا کراچی سلور جوبلی نمبر ۲۰۰۵ء

(۲) وجاہت رسول قادری سید: اداریہ، معارف رضا کراچی ۱۹۹۲ء ص ۹___۱۱

(۳) محمد ریاست علی قادری سید: اداریہ معارف رضا کراچی ۱۹۸۱ء محمد اطہر نعیمی

(۴) وجاہت رسول قادری سید: اداریہ، معارف رضا کراچی ۱۹۹۳ء ص ۸

(۵) زکریا ساجد، پروفیسر: تعارف، اشاریہ ضیائے حرم (مرتبہ، عابد حسین شاہ) مطبوعہ کراچی ۱۹۹۷ء ص ۸

(۶) خواجہ رضی حیدر: کچھ اشاریے کے بارے میں، اشاریہ ضیائے حرم (مرتبہ عابد حسین شاہ) مطبوعہ کراچی ۱۹۹۷ء ص ۱۳

(۷) مثلاً (ا) عابد حسین شاہ پیرزادہ: اشاریہ ضیائے حرم مطبوعہ کراچی ۱۹۹۷

(ب) کامران شاہ قادری سید: الحسن پشاور دس سالہ اشاریہ مطبوعہ پشاور ۲۰۰۲ء

(ج) محمد معروف احمد شرقپوری: اشاریہ ماہنامہ نور اسلام شرقپور شریف مطبوعہ لاہور ۲۰۰۶ء

❁❁❁

سخن ہائے معارف

اللہ تبارک وتعالیٰ کا ارشادِ گرامی ہے:

وَإِذْ أَخَذَ اللَّهُ مِيثَاقَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُونَهُ فَنَبَذُوهُ وَرَاءَ ظُهُورِهِمْ وَاشْتَرَوْا بِهِ ثَمَنًا قَلِيلًا فَبِئْسَ مَا يَشْتَرُونَ ○ (الِ عمران ۳: ۱۸۷)

ترجمۂ کنز الایمان: ''اور یاد کرو جب اللہ نے عہد لیا ان سے جنہیں کتاب عطا ہوئی کہ تم ضرور اسے لوگوں سے بیان کر دینا اور نہ چھپانا تو انہوں نے اسے اپنی پیٹھ کے پیچھے پھینک دیا اور اس کے بدلے ذلیل دام حاصل کیے تو کتنی بری خریداری ہے۔''

اس آیتِ کریمہ کی تشریح مین علامہ ابن عبدالبر اندلسی (متوفی ۴۳۶ھ) اپنی معرکۃ الآراء تصنیف ''جامع البیان العلم و فضله'' میں فرماتے ہیں کہ ''اللہ تعالیٰ علماء سے عہد لے چکا ہے کہ علم کو چھپائیں گے نہیں اور سوال ہونے پر ظاہر کر دیا کریں گے۔'' اسی لیے فرمایا گیا ہے کہ علم، علماء کی گردنوں میں امانت ہے۔ اسے وقت پر ظاہر کرنا چاہئے تا کہ اہل اس سے استفادہ کر سکیں۔

اَعْلَمِ کائنات، معلم ارض وسماوات، عالمِ ما کان و ما یکون، دُرِّ امانۃ مکنون، سید عالم، نورِ مجسم، احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانِ وحی ترجمان سے ظہورِ اسلام کے بعد جو پہلا اعلان تھا، وہ محض علم کی برتری وضرورت اور ابلاغ کا اعلان تھا۔ یہ بات یورپ وامریکہ کے دانشوروں کے لیے شاید عجیب وغریب ہو کہ جن کے میڈیا آج دن رات اسلام کو جاہلوں، بربریت پسندوں اور دہشت گردوں کا مذہب کہتے نہیں تھکتے، لیکن سچ اور حق یہی ہے کہ اسلام کا اولین اعلان ''اِقْرَأْ'' تھا حالانکہ ایک سے زیادہ اعلان ہو سکتے تھے، مثلاً: توحید کا اعلان، رسالت کا اعلان، ایک خدا کی عبادت کا اعلان، مکارمِ اخلاق کا اعلان، انسانی حقوق کے تحفظ کا اعلان، مگر اسلام کے اولین اعلان میں اس قسم کی کوئی بات نہیں تھی! قرآن حکیم نے اس اعلان کو ان الفاظ

میں بیان فرمایا ہے اور یہ اعلان قیامت تک کے لیے اٹل ہے۔ ہر مکان و زمان کے لیے ہے، ہر انسان کے لیے ہے:

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ○ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ○ اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ○ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ○ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ یَعْلَمْ (العلق: ۱۔۵)

ترجمۂ کنزالایمان: ''پڑھو اپنے رب کے نام سے۔ جس نے پیدا کیا۔ آدمی کو خون کی پھٹک سے بنایا۔ پڑھو اور تمہارا رب ہی سب سے بڑا کریم۔ جس نے قلم سے لکھنا سکھایا۔ آدمی کو سکھایا جو نہ جانتا تھا۔''

یہ اعلان، اگر غور کیا جائے تو ہر لحاظ سے درست اور برحق تھا۔ اس لیے کہ علم نہ ہو تو نہ دین کا کوئی معاملہ کماحقہ استوار ہو سکتا ہے، نہ دنیا کا۔ اس اعلان کا مقصد دنیا والوں کے لیے دورِ جاہلیت کے اختتام کی نوید اور آفتابِ علم و معرفت کے طلوع کی خوشخبری تھی تاکہ تحصیلِ علم ہر ایک انسان کے امکان میں ہو، اس کا ابلاغ شہر بہ شہر اور قریہ بہ قریہ ہو، سب کے لیے مباح ہو، تحصیل و ابلاغِ علم میں اسلام کسی ذات پات، رنگ و نسل، پیشہ و کسب، امارت و غربت، آقا و غلام، عربی و عجمی، کسی تفریق کا قائل نہیں۔ اسلام کی رو سے پڑھنا پڑھانا سب کے لیے نہ صرف جائز ہے بلکہ ہر انسان کا تسلیم شدہ حق ہے۔

اسلام نے منصۂ شہود پر آتے ہی بہ بانگ دہل یہ اعلان بھی دنیا کے تمام ایوانوں میں نشر کر دیا کہ وہی علم، علمِ حقیقی، نافع اور نورانی ہے، جو معلّمِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم وحیِ الٰہی کی صورت میں تمہیں پیش کر رہے ہیں اور جس کا عملی مظاہرہ تم آپ ﷺ کے سیرت و کردار اور رفتار و گفتار میں دیکھ رہے ہو، اس لیے کہ ان کا ہر قول و عمل وحیِ خدا ہے۔ اسی علم کو اللہ تبارک و تعالیٰ نے منّتِ کبریٰ اور نعمتِ عظمیٰ قرار دیا ہے۔ زیرِ نظر آیۂ کریمہ میں اللہ سبحانہٗ و تعالیٰ نے نعمتِ علم کو نعمتِ تخلیق سے کہیں زیادہ برتر و افضل دکھایا ہے۔ ملاحظہ ہو نعمتِ تخلیق عام ہے، اسے ''ربّ'' کی طرف سے منسوب کیا، لیکن نعمتِ علم کو نہ ''رب'' کی طرف منسوب کیا، نہ ''ربّ کریم'' کی طرف، بلکہ ''ربّ

اکرم'' یعنی از حد کرم والے پروردگار سے اسے نسبت دی۔ اسلام کا یہ اولین اعلان دراصل تاریخ انسانی کا سب سے بڑا واقعہ ہے۔ نہ صرف مسلمانوں کو بلکہ تمام مذاہب کے ماننے والے انسانوں کو اس معلم کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کا سپاس گذار ہونا چاہئے کہ جنہوں نے دنیائے انسانیت کو جہالت، توہمات اور خرافات کے ظلمت کدوں سے نکالنے کے لیے علمِ حقیقی اور دانشِ نورانی کے روشن راستے (صراطِ مستقیم) کی طرف رہبری ورہنمائی فرما کر احسانِ عظیم فرمایا۔

محولہ بالا آیت کریمہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ ''اقراء'' کا مطالبہ کر کے تحریر و کتابت کی ضرورت و اہمیت کو دنیا پر روشن کیا گیا ہے اور علم کو سینوں سے نکال کر کتابوں کی امانت میں دینے کی راہ کھولی اور متعین کی گئی ہے جس کی مثال کتبِ سابقہ میں نہیں ملتی۔ ساتھ ہی کتمانِ حق اور علم کو چھپانے اور احکامِ الٰہی کو اپنی نفسانی خواہشوں کی تکمیل کے لیے تبدیل کر دینے کی راہوں کو مسدود کر دیا گیا ہے جیسا کہ سابقہ امم کے الہامی کتب کے علماء مثلاً پادریوں اور ربّیوں کا وطیرہ رہا ہے اور اب بھی ہے۔ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے بعد جب اسلام کی روشنی نے جزیرہ نما عرب سے نکل کر ایشیا، افریقہ اور یورپ کی فضاؤں کو منور کیا اور اسلامی حکومت کی سرحدیں وسیع سے وسیع تر ہونے لگیں تو اس بات کی ضرورت محسوس ہوئی کہ قرآن کریم، احادیث مبارکہ اور فقہ اسلامی پر مبنی علوم کی ترویج واشاعت اور عجمی مسلمانوں کی تعلیم وتفہیم اور اسلام کی تبلیغ کو عام فہم اور آسان بنانے کے لیے قواعد وضوابط، عنوانات وموضوعات مرتب اور منضبط کیے جائیں۔ اس ضمن میں علمِ نافع کے فروغ میں ہمارے ائمہ کرام اور سلفِ صالحین نے بڑی جدوجہد کی ہے۔

تحصیلِ علم کی خاطر ہزاروں میل کی مسافت کے مہینوں کے سفر طے کئے۔ علمِ قرآن و تفسیر اور علمِ حدیث اور علمِ فقہ کے اصول وضوابط مرتب کئے۔ ان علوم کی صحیح معنوں میں تفہیم اور تشریح کی آسانی کی خاطر علم الکلام، علمِ منطق، علم صرف ونحو ایجاد ہوا۔ عربی زبان کی ترویج و اشاعت کی خاطر اور علومِ اسلامی کی تحصیل کو آسان بنانے کے لیے لغات، معاجم، مفہرس تیار کی گئیں۔ ان کے ضوابط واصول مرتب اور منضبط کرنے کے لیے انہوں نے اپنی عمریں تج دیں۔ ان

کی محنتوں کا نتیجہ یہ ہے کہ آج علومِ اسلامی کا حصول ہمارے لیے بہت آسان ہوگیا ہے۔ یہ ہمارے ائمہ وعلمائے سلف کا ہم پر بہت بڑا احسان ہے۔ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی برکتیں اور رحمتیں نازل فرمائے۔

ہمارے اسلاف کرام نے بڑی ریاضت اور محنت سے قرآن کریم اور احادیثِ مبارکہ کے موضوعات اور عنوانات اور احکام کی اقسام کے اعتبار سے اپنے اپنے دور کے مطابق حواشی، فہارس اور اشاریے مرتب کئے۔ ہمارے علمائے سلف صالحین چونکہ اپنے دور کے علم وفن کے جاننے والے ہوتے تھے اس لیے وہ اپنی تصانیف میں حوالہ دیتے وقت مآخذ کا صرف اشارہ فرمادیتے، ''صاحبِ دُرَر یہ فرماتے ہیں''، ''المفردات راغب میں ہے''، ''مسلم و بخاری میں ہے'' وغیرہ وغیرہ۔ پڑھنے والا عالم مآخذ کو سمجھ لیتا تھا۔ اٹھارہویں صدی ہجری میں یورپ میں مشینوں کی ایجاد نے ایسا انقلاب برپا کیا کہ انسانی زندگی بھی مشین بن کر رہ گئی۔ جہاں اس کے اثرات انسان کی معیشت، صنعت وحرفت پر مرتب ہوئے، وہیں انسانی زندگی کا ہر شعبہ جس میں تعلیم وتعلم اور تصنیف وتالیف اور نشر واشاعت بھی شامل ہیں، اس سے متاثر ہوا۔ ہر علم وفن سے واقفیت کی بجائے تخصص نے لے لی۔ صنعتی انقلاب کے بعد گذشتہ ۵۰، ۶۰ برسوں میں ایٹمی اور الیکٹرونک توانائی کی ایجاد نے اس قدر سرعت سے انسانی معیشت و معاشرت کو متاثر کیا کہ اب دنیا ایک ''گلوبل ولیج'' بن چکی ہے۔ کمپیوٹر، الیکٹرونک اور سیٹلائٹ میڈیا کی ایجاد نے نشر واشاعت اور طباعت کے ذرائع اور معیار بدل دیئے۔ تعلیمی اداروں کی فراوانی، ویب سائٹ لائبریریاں، کمپیوٹرائزڈ طباعتی مشینیں، فیکس، اسکین اور فوٹو اسٹیٹ کی سہولیات نے ہمیں برق رفتار طباعتی اور نشریاتی دور میں داخل کردیا ہے۔ فن کی کتب کے مطالعہ کے بجائے ویب سائٹ پر منتخب موضوعات دیکھنے کو ترجیح دی جانے لگی۔ آج اگر کسی موضوع پر ایک کتاب جامع ازہر، قاہرہ مصر سے ویب سائٹ پر اپ۔لوڈ کی گئی تو آج ہی پوری دنیا میں جامع ازہر کی ویب سائٹ پر اس موضوع کا قاری اسے دیکھ سکتا ہے اور مطالعہ بھی کرسکتا ہے۔ اس سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ایسی

نادر و نایاب کتب بھی مارکیٹ میں آ رہی ہیں جو برسہا برس بلکہ صدیوں سے مخطوطہ کی صورت میں دنیا کی بعض اہم جامعات یا لائبریریوں کی زینت تھیں اور عام طالب علم کے لیے اس سے استفادہ کی صورت ممکن نہ تھی۔ اس لیے ہر فن، علم اور موضوع پر کتب و رسائل کی بہتات نے ان سے استفادہ کرنے والے قاری کو پریشان اور حیران کر دیا ہے کہ کس کا مطالعہ کیا جائے اور کسے چھوڑا جائے۔ بالخصوص کسی فن یا علم کے کسی ایک موضوع پر تحقیق کا کام کرنے والے کے لیے یہ ناممکن نہیں تو مشکل ترین مرحلہ ضرور ہے کہ موضوع سے متعلق مواد و مآخذ کو ہزاروں کتب و رسائل اور جرائد سے تلاش کیا جائے، پھر اس کا مطالعہ کیا جائے، پھر اپنی تحقیق کو ضبطِ تحریر میں لایا جائے۔ نیز جامعات کی سطح پر ایم۔فل یا پی۔ایچ۔ڈی کے جو مقالات لکھے جاتے ہیں، وہ چند قیود کے ساتھ متعین الفاظ و صفحات میں تحریر ہوتے ہیں۔ محقق کے پاس خاکہ پیش کرنے سے لے کر تکمیل شدہ مقالہ پیش کرنے تک ایک متعین اور محدود وقت ہوتا ہے۔ لہٰذا محقق کے پاس اتنا وقت نہیں ہوتا کہ اس علم اور فن سے متعلق تمام موجودہ کتب و رسائل اور جرائد کو دیکھے، پھر ان میں درج موضوعات اور عنوانات سے واقفیت حاصل کرے، پھر اگر برسوں نہیں تو مہینوں کی ورق گردانی کے بعد اپنے مطلوبہ ہدف تک پہنچ کر قلم سنبھالے اور مواد کو اپنے الفاظ میں قرطاس پر منتقل کرنا شروع کرے۔ پھر تو یہ ہے کہ ع

ایک عمر چاہئے تری زلف کے سر ہونے تک

لہٰذا ایسے میں اشاریہ کتاب بہت مددگار ثابت ہوتا ہے اور برسوں کا کام مہینوں اور مہینوں کا کام دنوں یا گھنٹوں میں مکمل ہوتا نظر آتا ہے۔ آج کمپیوٹر لائبریری اور کتابوں کی کمپیوٹر سی۔ڈیز نے یہ کام اور بھی آسان تر بنا دیا ہے۔ مثلاً کتب احادیث صحاح ستہ سمیت سینکڑوں کی تعداد میں ایک ہی سی۔ڈی میں آپ کو مارکیٹ میں مل جائیں گی۔ اگر آپ کسی عنوان پر کوئی ایک حدیث کی متلاشی ہیں تو آپ سی ڈی کو اپنے کمپیوٹر میں ڈالیں، اس میں دی ہوئی ہدایت کے مطابق عمل کریں اور منٹوں میں اس حدیث مبارکہ کا متن اور اس سے ملتے جلتے متون سامنے

آجائیں گے اور کس کس کتاب کے کس کس صفحہ پر درج ہے؟ کس نمبر کے تحت درج ہے؟ آپ کو معلوم ہو جائے گا۔

اس طرح مرتب شدہ اشاریہ کے فوائد یہ ہیں:

۱) مطلوبہ کتب تک فوری رسائی

۲) وقت کی بچت اور

۳) مختصر مدت میں متنوع اور کثیر معلومات کا حصول

کتاب اور رسائل کے مندرجات میں فرق یہ ہے کہ کتاب تو عموماً کسی ایک مصنف کی لکھی ہوتی ہے، جبکہ رسائل میں متعدد اہلِ علم و تحقیق کے مقالہ جات ہوتے ہیں۔ اس طرح رسائل کے اشاریہ سے پڑھنے والے کو یہ فائدہ ہوتا ہے کہ وہ کم وقت میں مختلف النوع علمی وفنی موضوعات پر رہنمائی حاصل کر لیتا ہے اور اپنے موضوع کے مآخذ تک جلد پہنچ جاتا ہے۔

ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا انٹرنیشنل (قائم شدہ ۱۹۸۰ء)، مجدد ملت اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خاں محدث وفاضل بریلوی علیہ الرحمۃ والرضوان کی علمی، ملّی اور دینی خدمات کے حوالے سے ایک سالنامہ ''معارفِ رضا'' (اردو) کے نام سے گذشتہ ۲۷ برسوں سے ہر سال ان کے یومِ وصال کے موقع پر شائع کرتا آ رہا ہے۔ اس میں ملک اور بیرونِ ملک کے مایۂ ناز قلم کار اور اہلِ علم و تحقیق کے مقالہ جات شائع ہوتے ہیں۔ اس اعتبار سے یہ عالمی معیار کا ایک علمی اور تحقیقی جریدہ ہے۔ ۲۰۰۳ء سے عربی اور انگریزی مقالہ جات معارفِ رضا (عربی) اور معارفِ رضا (انگریزی) کے نام سے علیحدہ سے شائع ہو رہے ہیں۔ اس کے معیار کا اندازہ اس ایک بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ۱۹۸۱ء کے بعد سے جتنے اسکالرز نے ملکی وغیر ملکی جامعات (جن کی تعداد ۲۵ سے زیادہ ہے) سے امام احمد رضا قدس سرہٗ کی شخصیت پر کسی بھی پہلو سے ایم۔ فل یا پی۔ ایچ۔ ڈی کے مقالہ جات لکھ کر سندات حاصل کی ہیں، معارفِ رضا (سالنامہ) ان کے مآخذ کا ایک اہم جز رہا ہے اور اب ۲۶ سال گزر جانے کے بعد معارفِ رضا سالنامہ کے ۶۵۹۳ مجموعی صفحات میں

امام الھمام احمد رضا محدث بریلوی کی ہمہ جہت شخصیت کے حوالے سے اس قدر متنوع مقالہ جات شائع ہو چکے ہیں کہ کوئی محقق چاہے تو انہی مقالہ جات سے اپنی تھیسس تیار کرسکتا ہے۔ دوسری طرف اسلامی تحقیقی صحافت کے حوالے سے خود ''معارفِ رضا'' پر بھی متعدد پی۔ ایچ۔ ڈی/ ایم۔ فِل مقالہ جات سپردِ قلم کیے جاسکتے ہیں۔ اہلِ علم کو اس طرف توجہ کی ضرورت ہے۔

زیرِ نظر اشاریہ، معارفِ رضا سالنامہ کے گذشتہ ۲۶ برسوں کے شماروں پر مشتمل ہے جسے پاکستان کے معروف محقق، قلمکار اور صحافی جناب سید صابر حسین شاہ بخاری زید مجدہٗ نے جو خود بھی ۲۵ سے زائد تحقیقی کتب اور متعد مقالہ جات نیز اخبار کے کالموں کے مصنف ہیں، فقیر کی ترغیب پر مرتب کیا ہے۔ اس کی کمپوزنگ، تصحیح اور تریب میں ملک کے معروف نوجوان عالم، مصنف، فارسی، اردو اور عربی زبان کے صاحبِ دیوان شاعر اور مدیر سہ ماہی ''ریاض العلم'' اٹک، محترم مولانا ابوالحسن واحد رضوی زید عنایتہٗ نے بھرپور تعاون فرمایا ہے۔ فقیر اس تاریخی اور علمی خدمت کی انجام دہی پر ان دونوں حضراتِ گرامی کا تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے اور دعا کرتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ ان دونوں مقتدر حضراتِ گرامی کے علم وفضل میں اضافہ فرمائے اور ان کی اس علمی کاوش کو شرفِ قبول عطا فرمائے۔ آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم

فقیر، محبی وعزیزی الکریم سید صابر حسین بخاری شاہ صاحب کا مزید احسان مند ہے کہ انہوں نے منع کرنے کے باوجود اس اشاریہ کا انتساب اس ناچیز ہیچمدان کے نام سے کیا ہے اور احقر سے حسنِ ظن رکھتے ہوئے ایسے القابات سے نوازا ہے جس کا یہ ناچیز خود کو اہل نہیں سمجھتا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس حسنِ ظن کی احسن جزاء جناب بخاری شاہ صاحب کو عطا فرمائے کہ انہوں نے خوبصورت القابات کے پردے میں اس ناچیز کی عیب پوشی کی ہے اور خود اس گنہگار کو عُجب، غرور، نفس اور شیطان کے مکر وفریب سے پناہ میں رکھے اور خلوصِ نیت واخلاص فی اللہ کے ساتھ دین ومسلک کی خدمت اور مشن وفکرِ رضا کی تبلیغ وابلاغ میں زندگی کی آخری سانس تک مشغول ومصروف رکھے۔ آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم۔

امید ہے معارف رضا (سالنامہ) کا یہ اشاریہ رضویات کے مطالعہ سے دلچسپی رکھنے والوں اور اس پر تحقیقی و تصنیفی کام کرنے والوں کے لیے سہولیات پیدا کرے گا اور مزید تحقیق و تدقیق کے لیے رہنما ثابت ہوگا۔ امام احمد رضا کانفرنس ۲۰۰۸ء کے موقع پر اس کی اشاعت ہمارے لیے باعث مسرت ہے۔ ان شاء اللہ امام احمد رضا کانفرنس ۲۰۰۹ء کے موقع پر محترم سید صابر حسین شاہ بخاری حفظہ اللہ الباری حسب وعدہ ''معارفِ رضا'' (ماہنامہ) کا اشاریہ بھی مرتب کرنے کی سعادت حاصل کریں گے جو شرکائے کانفرنس کے لیے یقیناً ایک نیا تحفہ ہوگا۔

ہم ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا انٹرنیشنل، پاکستان کی جانب سے تمام محبانِ علم و تحقیق بالخصوص رضویات پر کام کرنے والوں کو معارفِ رضا (سالنامہ ۱۹۸۱ء۔ ۲۰۰۶ء) کے اس اشاریے کی کتابی صورت میں پیش کش کے عوض ان کی دعاؤں کے طلبگار ہیں۔

بوقت مرحمت اے ساکنان صدر جلال

ز روئے حافظ و آں آستانہ یاد آرید

سید وجاہت رسول قادری

صدر، ادارۂ تحقیقاتِ امام احمد رضا انٹرنیشنل، کراچی

۱۹/ ذیقعدہ ۱۴۲۸ھ/ یکم دسمبر ۲۰۰۷ء

تصدیر

صاحبزادہ ابوالحسن واحد رضوی ایم اے

آج کے تیز ترین طباعتی دور میں ہر فن اور ہر علم کے متعلق بازار میں جس قدر کتابوں اور رسائل کی بہتات ہے ان سب سے استفادہ کرنا اگر محال نہیں تو مشکل ضرور ہے۔ کون سی کتاب یا کون سا رسالہ کن کن موضوعات اور عنوانات پر مشتمل علمی مواد سے مالا مال ہے، اس سے آگاہی کے لئے کئی گھنٹے نہیں بلکہ کئی دنوں اور مہینوں کی ضرورت پڑتی ہے۔ چنانچہ اہل قلم کے نزدیک تحقیق کے دوران اپنے مطلوبہ ہدف تک پہنچنے کے لئے کسی کتاب یا رسالہ کا اشاریہ نہایت اہمیت رکھتا ہے۔

اشاریہ کی مدد سے کئی دنوں کے کام گھنٹوں میں سرانجام پاتے دکھائی دیتے ہیں۔ ایک وقت تھا کہ امام بخاری کی صحیح سے مطلوبہ حدیث نکالنا بہت مشکل گردانا جاتا تھا تاہم آج احادیث کے اشاریے مرتب ہونے سے کسی حدیث کی تلاش میں وہ دقت نہیں پیش آتی۔ بلکہ احادیث کی جدید گنتی اور نمبر نگ نے اِفادہ واستفادہ کی راہیں نہایت آسان کردی ہیں۔

اہل علم اشاریہ کی مدد سے فوراً مطلوبہ کتاب یا رسالہ یا رسائل و کتب کی کئی مجلدات سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اس سے جہاں ان کے قیمتی اوقات کی بچت ہوتی ہے وہیں وہ مختصر مدت میں گوناگوں معلومات سے اپنا دامن لبریز کر لیتے ہیں۔

عام کتاب کے اشاریے کی بہ نسبت سالانہ، شش ماہی، سہ ماہی اور ماہوار رسائل

کے اشاریوں کی زیادہ اہمیت اورضرورت ہے۔ کیوں کہ کسی اچھے علمی مجلّہ میں سینکڑوں اہل علم کی تحریریں شامل ہوتی ہیں جو اپنے قارئین کی مختلف علمی وفنی حوالوں سے رہنمائی کرتی ہیں۔یوں کسی مجلّہ کا اشاریہ بہت کم مدت میں اپنے قارئین کو ان کے مطلوبہ اہداف تک رسائی حاصل کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے۔

اشاریہ مرتب کرنے کے کئی طریقے ہیں۔مرتب کو چاہیے کہ اشاریہ کی ترتیب میں بہتر سے بہتر انداز اختیار کیا جائے۔تا کہ استفادہ میں کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ ہو۔مضامین و مقالات کی فہرست سازی عنوانات کے تحت کی جائے۔اسی طرح ایک فہرست اہل قلم کے اسماء کے تحت ہو۔پھر کسی بڑے اشاریے کا اشاریہ بھی نہایت اہمیت رکھتا ہے۔اس کا اہتمام بھی ضرور ہونا چاہیے کیوں کہ کوئی بھی پھیلا ہوا اشاریہ بذات خود ایک ضخیم کتاب بن جاتا ہے۔

زیرنظر اشاریہ،ادارہ تحقیقات امام احمد رضا،کراچی کے مجلّہ معارف رضا (سالنامہ) کے پچھلے چھبیس سال کے شماروں کا ہے۔ جسے معروف قلم کار جناب سید صابر حسین شاہ بخاری زید مجدہ نے مرتب کیا ہے۔امید ہے اہل علم اس سے استفادہ کریں گے اور فاضل بریلوی پرکام کرنے والے اہل قلم کو شائع شدہ مواد سے کافی حد تک رہنمائی میسر ہوگی۔

خاکسار

ابوالحسن واحد رضوی

مدیر سہ ماہی ''ریاض العلم''، اٹک

۲۲ جون ۲۰۰۷ء

❀❀❀

کلماتِ شفقت

پروفیسر محمد سرور شفقت قادری

ادارۂ تحقیقات امام احمد رضا کا قیام ۱۹۸۰ء کو عمل میں آیا محترم سید ریاست علی قادری اس کے بانی صدر تھے۔ علامہ مفتی تقدس علی خاں اور مسعود ملت پروفیسر ڈاکٹر محمد مسعود احمد کا شمار اس ادارے کے اوّلین معماروں میں ہوتا ہے اس کا پہلا سالنامہ ''معارف رضا'' کے نام سے ۱۹۸۱ء میں شائع ہوا۔ یہ نام حضرت شمس الحسن بریلوی کا تجویز کردہ ہے اور پہلی اشاعت کے اہتمام کا شرف شاہ تراب الحق قادری کے حصہ میں آیا ''معارف رضا'' کے اب تک ۲۶ سالنامے شائع ہو چکے ہیں۔ ابتداء میں سالنامہ صرف اردو میں شائع ہوتا تھا بعد میں اردو کے ساتھ ساتھ کچھ مقالات انگریزی اور عربی میں بھی شائع ہونے لگے ''معارف رضا'' کی علمی اہمیت وافادیت اور بیرون ملک مانگ کی وجہ سے انگریزی اور عربی کے ایڈیشن الگ الگ بھی شائع ہونے لگے۔ بنگالی اور ہندی میں بھی بعض مقالات کے تراجم ہوئے۔

سالنامہ معارف رضا کے تحقیقی مقالات اور اعلیٰ پایہ مضامین کی وجہ سے اس کی شہرت پاکستان سے نکل کر ایشیا، افریقہ، یورپ اور امریکہ غرضیکہ اُکناف عالم میں پھیل گئی۔ ۱۹۹۲ء میں سید ریاست علی قادری کے سانحۂ ارتحال سے ادارے کو ناقابل تلافی نقصان پہنچا ان نامساعد حالات میں ادارے کی صدارت سید وجاہت رسول قادری نے سنبھالی۔ انہوں نے پروفیسر ڈاکٹر مسعود احمد کی سرپرستی اور پروفیسر ڈاکٹر مجید اللہ قادری اور دوسرے احباب کی معاونت سے ادارے کے کام کو آگے بڑھایا سالانہ کانفرنس کے موقع پر معارف رضا کے سالنامہ کی روایت کو احسن طریق سے نبھایا۔ مقالات ومضامین کے حصول

میں مقدور بھر کوشش کی تا کہ سالنامہ شان شایاں طریقے سے شائع ہو۔معارف رضا کے ''منظر اسلام نمبر اور سلور جوبلی نمبر'' شائع کیے۔فکر رضا کو عام کرنے کے سلسلہ میں دہلی ،بریلی شریف،ڈھاکہ،قاہرہ اور بیرون ملک دوسرے شہروں کے دورے کیے۔

برصغیر میں پیغام رضا کی اشاعت اور منظّم طریق سے عوام تک پہنچانے میں مرکزی مجلس رضا لاہور کو اوّلیت کا شرف حاصل ہے۔اس سلسلہ میں حکیم اہل سنت حکیم محمد موسیٰ کی خدمات نا قابل فراموش ہیں لیکن ادارہ تحقیقات امام احمد رضا کراچی نے سالانہ کانفرنسوں کا فوریا فائیوسٹار ہوٹلوں میں اہتمام کر کے پیغام رضا کو خواص تک پہنچایا اور جدید تعلیم یافتہ طبقہ کی بہت سی غلط فہمیوں کو دور کیا۔

ہمارے ملک کے نامور محقق اور مایۂ ناز ادیب سید صابر حسین بخاری نے سالنامہ معارف رضا کے اشاریہ کو بہت مختصر وقت میں نہایت عرق ریزی سے ترتیب دیا اور اسی دوران ان کی بینائی متاثر ہوئی۔حسن اتفاق سے سالنامہ کے تمام شمارے ان کے پاس موجود تھے اس لئے اشاریہ کی بروقت تکمیل ممکن ہوسکی۔

اردو،عربی،انگریزی زبان میں شائع ہونے والے مشترک سالناموں کو تو اشاریہ میں شامل کیا گیا ہے البتہ عربی اور انگریزی زبانوں میں جو سالنامے الگ سے شائع کیے گئے ہیں انہیں شامل اشاعت نہیں کیا۔ان کے اشاریہ کی ترتیب کو مستقبل کے لئے چھوڑ دیا گیا ہے۔

اشاریہ معارف رضا (سالنامہ) کے مشمولات کو مصنفین کے اسماء گرامی کی الف بائی (حروف تہجی) ترتیب سے مرتب کیا گیا ہے تا کہ مصنف کی تخلیقات/تالیفات کو ایک ہی جگہ جمع کر دیا جائے۔مضمون نگار کا نام/عنوانِ مقالہ،سالنامہ کا نمبر،سال اشاعت،صفحات نمبر وغیرہ دیئے گئے ہیں۔اشاریہ کے عنوانات ملاحظہ ہوں!

اداریات،(اداریئے)شذرات،منظومات،مقالات،نوادرات،مکتوبات ،حواشی،سندات،مخطوطات،،مرقعات(تصاویر)..........

منظومات میں قارئین کی سہولت کے لئے پہلا مصرعہ دیا گیا ہے تاکہ انہیں تلاش کرنے میں سہولت رہے۔منظومات کو حمد ،رباعیات،قصائد ،قطعات،مرثیہ ،مناجات ،مناقب،نعتیہ کلام کے عنوانات سے ترتیب دیا گیا ہے۔

ربع صدی کے سالناموں کا قلیل وقت میں ایک جامع اشاریہ ترتیب دینا ایک مشقت طلب کام ہے۔محترم سید صابر حسین بخاری ہم سب کے دلی شکریہ کے مستحق ہیں کہ انہوں نے مستقبل کے مصنفین اور ریسرچ سکالرز کے لئے آسانیاں پیدا کردیں یہ ان کے لئے ایک گراں قدر تحفہ بھی ہے اور منارۂ نور بھی۔

اشاریہ ھذا کے مرتب ماہنامہ معارف رضا اور مجلّہ احمد رضا کانفرنس کا اشاریہ مرتب کرنے کا بھی ارادہ رکھتے ہیں۔امید ہے کہ آئندہ سال احمد رضا کانفرنس 1429ھ کے موقع پر ادارہ تحقیقات احمد رضا یہ تحفہ بھی اپنے قارئین کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کرے گا۔

اشاریہ معارف رضا(سالنامہ) کی اشاعت پر راقم الحروف اس کے فاضل مرتب سید صابر حسین شاہ بخاری اور واجب الاحترام سید وجاہت رسول قادری اور ادارہ تحقیقات احمد رضا کے جملہ عمائدین،اراکین اور معاونین کو دل کی گہرائیوں سے ہدیۂ تبریک پیش کرتا ہے اور ادارہ کی مزید کامیابیوں اور کامرانیوں کے لئے دعا گو ہے۔

پروفیسر محمد سرور شفقت

سابق ڈپٹی وائس پرنسپل کیڈٹ کالج،حسن ابدال

5 مارچ 2007ء/ 11 بجے شب

قطعۂ طباعت

اشاریۂ معارف رضا کراچی (سالنامہ) (۱۹۸۱ء.........۲۰۰۶ء)

''جاوداں فیضان رضا'' (۲۰۰۷ء)

آفتاب علم و حکمت ، نیر رُشد و ہُدیٰ
مصطفیٰ کا عبد والا مرتبت، احمد رضا

کیف زا، ذوق آفریں ہے اس کا اسلوب ثنا
نعت جو اس نے کہی، انداز ہے اس کا جدا

جب اٹھا طوفان توہین محمد مصطفیٰ
ضوفشاں اس نے رکھا عشق محمد کا دیا

جان رحمت کی محبت کی دلوں میں جاگزیں
درس تعظیم حبیب کبریا اس نے دیا

طرز نادر اس کے استنباط و استخراج کی
رنگ بالکل منفرد ہے اس کی تحقیقات کا

اس کے اوج فقر وعرفاں کا زمانہ معترف
اس کا پایہ اس کا علمی قد و قامت ہے بڑا

مدح گستر آج بھی اس کی زبان وقت ہے
مطرب دوراں ہے اس کی شان میں نغمہ سرا

اس کی فکری جاذبیت میں نہیں آئی کمی
اک صدی ہونے کو ہے، دنیا سے وہ رخصت ہوا

ہورہی ہے یاد تازہ اس کی شرق وغرب میں
آج بھی اس عبقری کا تذکرہ ہے جا بجا

اس جلیل القدر کے عشاق نے جاری کیا
اک جریدہ، جس میں ہے اس کے معارف کی ضیاء

اس کے علم وفضل کی تشہیر کرنے کے لئے
جو بھی ممکن تھا وہ کام اس کے محبوں نے کیا

معتبر، عمدہ مضامین نفیس اس میں چھپے
ولولہ خیز و یقیں افروز و آگاہی فزا

تھی نشاط انگیز و بہجت بخش یہ آواز دوست
دُور دُور آفاق میں پہنچی یہ جاں پرور صدا

اب "معارف" کے مکمل ہوگئے چھبیس سال
یہ خدا کا اور ہے احسان محبوب خدا

اس میں چوتھائی صدی میں جو بھی تحریریں چھپیں
خوب ان کا تجزیہ صابر بخاری نے کیا

کارنامہ اس کا یہ تحسین کا ہے مستحق
اس کی محنت کی خدا و مصطفیٰ دیں گے جزا

جس قدر بھی ناز صابر معرکہ آرا کریں
بات ہے انصاف کی ارباب دانش، ہے بجا

خرمن فکر رضا کا میں ہوں ادنیٰ خوشہ چیں
اس بہیں تر کام پر میں شاد ہوں بے انتہا

میں نے طارق اس مثالی و مؤقر کام کی
یوں کہی تاریخ "جہد جمع افکار رضا"

۱۴۲۸ھ

والۂ گداز فکر احمد رضا (۱۴۲۸ھ)
محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری

اشاریۂ معارفِ رضا (سالنامہ)

(منشورات)

۱۔ اداریات

۲۔ شذرات

۳۔ مقالات

ا۔اداریات

اداریہ (معارف رضا کا پہلا شمارہ) محمد اطہر نعیمی، سید محمد ریاست علی قادری، ش ۱ (۱۹۸۱ء) ص ۴۔۵

اداریہ (حرف اوّل، دوسرا یادگاری مجلّہ) ادارہ ش ۲ (۱۹۸۲ء) ص ۵۔۶

اداریہ (تیسرا یادگاری مجلہ) سید محمد ریاست علی قادری ش ۳ (۱۹۸۳ء) ص ۵۔۶

اداریہ (معارف رضا کا چوتھا شمارہ) سید محمد ریاست علی قادری ش ۴ (۱۹۸۴ء) ص ۴۔۸

اداریہ (معارف رضا کا پانچواں شمارہ) سید محمد ریاست علی قادری ش ۵ (۱۹۸۵ء) ص ۵۔۱۱

اداریہ (معارف رضا کا چھٹا شمارہ) ادارہ ش ۶ (۱۹۸۶ء) ص ۵۔۱۰

اداریہ (معارف رضا کا ساتواں شمارہ) ادارہ ش ۷ (۱۹۸۷ء) ص ۷، ۸

اداریہ (معارف رضا کا آٹھواں شمارہ) ادارہ ش ۸ (۱۹۸۸ء) ص ۷۔۸

اداریہ (معارف رضا کا نواں شمارہ) ادارہ ش ۹ (۱۹۸۹ء) ص ۷۔۱۱

اداریہ (معارف رضا کا دسواں شمارہ) ادارہ ش ۱۰ (۱۹۹۰ء) ص ۷۔۱۰

اداریہ (معارف رضا کا انٹرنیشنل ایڈیشن) ادارہ ش ۱۱ (۱۹۹۱ء) ص ۹۔۱۲

اداریہ (معارف رضا کا بارہواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری
ش ۱۲ (۱۹۹۲ء) ص ۹۔۱۴

اداریہ (معارف رضا کا تیرہواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری
ش ۱۳ (۱۹۹۳ء) ص ۸۔۱۷

اداریہ (معارف رضا کا چودھواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری
ش ۱۴ (۱۹۹۴ء) ص ۶۔۱۱

اداریہ (معارف رضا کا پندرھواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۱۵(۱۹۹۵ء)ص ۷،۱۰

اداریہ (معارف رضا کا سولہواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۱۶(۱۹۹۶ء)ص ۱۰تا۲۰

اداریہ معارف رضا کا سترہواں شمارہ سید وجاہت رسول قادری

ش۱۷ص ۱۲تا۱۸(۱۹۹۶ء)

اداریہ (معارف رضا کا اٹھارہواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۱۸(۱۹۹۸ء)ص ۸۔۱۲

اداریہ (معارف رضا کا انیسواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۱۹(۱۹۹۹ء)ص ۷۔۱۰

اداریہ (اپنی بات) سید وجاہت رسول قادری ش۲۰(۲۰۰۰ء)ص ۳۔۵

اداریہ (اپنی بات، صد سالہ جشن منظر اسلام بریلی شریف) سید وجاہت رسول قادری،

ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص ۷۔۲۴

اداریہ (اپنی بات، بائیسواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۲۲(۲۰۰۲ء)ص ۹۔۱۱

اداریہ (اپنی بات، تیئیسواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۲۳(۲۰۰۳ء)ص ۶۔۱۳

اداریہ (اپنی بات، چوبیسواں شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۲۴(۲۰۰۴ء)ص ۶۔۹

ادریہ (پنی بات، خصوصی سلور جوبلی شمارہ) سید وجاہت رسول قادری

ش۲۵(۲۰۰۵ء)ص ۸۔۱۴

اداریہ (اپنی بات، چل لکھا لائیں ثنا خوانوں میں چہرہ تیرا) سید وجاہت رسول قادری،

ش ۲۶(۲۰۰۶ء)ص ۷۔۱۳

۲۔ شذرات

ادائیگی زکوٰۃ ایک تجویز، ایک گزارش ش ۲۲(۲۰۰۲ء)ص ۱۸۹۔۱۹۱

اعلیٰ حضرت کے بارے میں علامہ اقبال کی رائے ش ۲۴(۲۰۰۴ء)ص ۶۱

اعلیٰ حضرت کی وصیت ش ۲۴(۲۰۰۴ء)ص ۹

امام احمد رضا سلور جوبلی انٹرنیشنل کانفرنس ۲۰۰۵ء ش ۲۴(۲۰۰۴ء)ص ۱۶۰

امام احمد رضا کی حیات اور ان کے تعلیمی نظریات اور سلیم اللہ جندران.......

ش ۲۶(۲۰۰۶ء)ص ۲۵۱۔۲۵۲

تقریبات جشن صد سالہ منظر اسلام، ادارہ ماہنامہ اعلیٰ حضرت، بریلی

ش ۲۱(۲۰۰۱ء)ص ۲۸۹۔۲۹۱

ڈاکٹر مسز تنظیم الفردوس کو مبارک باد ش ۲۴(۲۰۰۴ء)ص ۶۸

ڈاکٹر مسعود احمد (سرپرست ادارہ) کی بریلی میں پذیرائی، ش ۲۰(۲۰۰۰ء)ص ۵۸

مژدۂ جانفزا (شعبۂ نصابیات وزارت تعلیم حکومت پاکستان اسلام آباد نے نصابِ اردو لازمی نہم دھم میں امام احمد رضا کو بحیثیت نعت گو شاعر شامل کرلیا)

ش ۲۵(۲۰۰۵ء)ص ۲۸۳

..........❀❀❀..........

۳۔مقالات

(۱)

آفتاب احمد نقوی، پروفیسر ڈاکٹر سید

مولانا احمد رضا بریلوی کی نعت نگاری — ش۲۴(۲۰۰۴ء)ص۱۰۳۔۱۱۰

آلِ احمد رضوی، سید

فنافی الرسول امام احمد رضا — ش۵(۱۹۸۵ء)ص۲۲۱۔۲۲۳

آلِ مصطفےٰ مصباحی، مولانا

امام احمد رضا محدث بریلوی کی رجال حدیث اور اصول پر نظر

ش۱۱(۱۹۹۱ء)ص۳۳۔۴۲

ابرار حسین، پروفیسر محمد

امام احمد رضا خان ایک ماہر علم ریاضی کی حیثیت سے

ش۶(۱۹۸۶ء)ص۱۳۹۔۱۴۱

امام اہل سنت کا نظریہ مدوجزر — ش۷(۱۹۸۷ء)ص۸۱۔۸۶

رسالہ در علم لوگارثم اور استخراج لوغارثمات — ش۲(۱۹۸۲ء)ص۲۰۹۔۲۱۶

رسالہ در علم لوگارثم کے چند حواشی — ش۱(۱۹۸۱ء)ص۴۰۔۴۴

فوزِ مبین در ردِ حرکت زمین میں ریاضیاتی دلائل کا مختصر جائزہ

ش۱۱(۱۹۹۱ء)ص۲۴۱۔۲۴۸

مقدمہ رسالہ فوزِ مبین در ردِ حرکتِ زمین — ش۵(۱۹۸۵ء) ص ۸۸۔۹۳

A Problem on Sequence of Squares

By Allama Zafaruddin Rizwi — V-13 (1993) P- 42-48

ابراہیم خوشتر صدیقی، علامہ محمد

حجۃ الاسلام اور منظرِ اسلام — ش۲۱(۲۰۰۱ء) ص ۱۳۶۔۱۳۹

ابوبکر صدیق قادری عطاری، ڈاکٹر مفتی محمد

امام احمد رضا اور جدید اسلامی بینکاری — ش۲۳(۲۰۰۳ء) ص ۶۴۔۷۰

ابوالخیر کشفی، پروفیسر ڈاکٹر

امام احمد رضا کا عہد اور ان کی نعت گوئی — ش۳(۱۹۸۳ء) ص ۶۱۔۶۶

ابواللیث صدیقی، ڈاکٹر

حضرت امام احمد رضا — ش۴(۱۹۸۴ء) ص ۴۹۔۵۲

ملتِ اسلامیہ کا سب سے بڑا المیہ — ش۳(۱۹۸۳ء) ص ۶۷۔۶۸

احسان الحق محمد

عشاقِ رسالت ﷺ کا میرِ کارواں — ش۳(۱۹۸۳ء) ص ۱۴۳۔۱۵۴

احمد اجملی، مولانا سید

خانوادۂ رضویہ اور دائرہ شاہ اجمل کے باہمی روابط

ش۱۲(۱۹۹۲ء) ص ۲۰۳۔۲۰۵

احمد رضا خان بریلوی، اعلیٰ حضرت، مولانا

آدابِ حاضری بارگاہِ نبوی ﷺ — ش۴(۱۹۸۴ء) ص ۱۳۵۔۱۴۰

اسماع الاربعین فی شفاعۃ سید المحبوبین	ش۱۶(۱۹۹۶ء)ص۱۱۔۱۷
اعلام الاعلام بان ہندوستان دارالاسلام	ش۱۴(۱۹۹۴ء)ص۲۱۔۳۷
التحبیر بباب التدبیر	ش۸(۱۹۸۸ء)ص۹۔۲۷
الجبۃ الفائحۃ لطیب التعیین والفاتحۃ	ش۹(۱۹۸۹ء)ص۱۲۔۳۷
المیلاد النبویہ فی الالفاظ الرضویۃ	ش۶(۱۹۸۶ء)ص۱۷۔۳۳
المیلاد النبویہ فی الالفاظ الرضویۃ	ش۲۰(۲۰۰۰ء)ص۶۔۱۴
ایک عربی فتویٰ	ش۱۴(۱۹۹۴ء)ص۷۱۔۷۲
ایک فارسی فتویٰ	ش۱۴(۱۹۹۴ء)ص۳۸
ایتان الارواح لدیارہم بعد الرواح	ش۹(۱۹۸۹ء)ص۳۹۔۴۳
(ترجمہ: علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری)	
تفسیر رضا	ش۱۲(۱۹۹۲ء)ص۱۵۔۲۷
تقریظ بر انوار الحسنات فی ردّ البدعات	ش۱۶(۱۹۹۶ء)ص۲۲۳
تمہید ایمان بآیات القرآن	ش۴(۱۹۸۴ء)ص۶۹۔۱۳۴
ثلج الصدر لایمان القدر	ش۸(۱۹۸۸ء)ص۲۹۔۴۳
حقوق الولد وحقوق العباد	ش۱۱(۱۹۹۱ء)ص۱۳۔۳۲
حواشی ترجمۂ قرآن	ش۱۷(۱۹۹۷ء)ص۲۱۔۲۶
رسم القرآن	ش۱۶(۱۹۹۶ء)ص۳۹۔۴۷
شفاعت مصطفیٰ قرآن وحدیث کی روشنی میں	ش۵(۱۹۸۵ء)ص۲۳۔۳۳
ضروری اطلاع (۵۰ خلفاء کی فہرست)	ش۳(۱۹۸۳ء)ص۳۲۳۔۳۲۶
فوز مبین در ردّ حرکت زمین	ش۳(۱۹۸۳ء)ص۱۷۳۔۲۲۳
مسئلہ علم غیب (الدولۃ المکیۃ کے تمہیدی اقتباسات)	ش۳(۱۹۸۳ء)ص۱۰۳۔۱۱۱

معراج النبی اور دیدار الٰہی — ش ۷(۱۹۸۷ء) ص ۱۵۔۲۶

مکتوب گرامی بنام سید عرفان علی — ش۹(۱۹۸۹ء) ص ۲۲۶

مکتوب گرامی بنام شاہ عبدالسلام جبل پوری — ش۹(۱۹۸۹ء) ص ۴۴

نزول آیات فرقان بسکون زمین و آسمان — ش ۱۰(۱۹۹۰ء) ص ۱۱۔۳۲

ATTENDANCE AT MADINA MUNAWWARA

V: 16 (1996) P:9-----17 (ترجمہ: پروفیسر اعظمی، الیف ایم شیخ)

BLESSED INSTRUCTOION CONCERNING s(مترجم نامعلوم)

THE CREATION OF ANGELS

v: 10 (1990) p:12.17

KEY FOR SCHOLARS TO UNDERSTAND (مترجم: محمد اے جونیجو، کے)

THE CURRENY NOTES

V:17 (1997) P:12---14

PARENTS OBLIGATION TO CHILDREN

V:14 (1994) P:25---31(مترجم: محمد خطیب)

اختر الحامدی، مولانا

کلام رضا اور عشق مصطفےٰ ﷺ — ش ۶(۱۹۸۶ء) ص ۱۶۳۔۱۷۵

اختر حسین فیضی، علامہ

حسن رضا بریلوی کی نعتیہ شاعری — ش ۱۶(۱۹۹۶ء) ص ۲۱۶۔۲۳۳

کنز الایمان پر اعتراضات کا تحقیقی جائزہ — ش ۱۷(۱۹۹۷ء) ص ۲۷۔۳۳

کنز الایمان پر اعتراضات کا تحقیقی جائزہ ۲ — ش ۱۸(۱۹۹۸ء) ص ۱۳۔۱۸

اختر حسین قادری، مولانا محمد

فروغِ رضویات میں فقیہ ملت کا کردار ش۲۲(۲۰۰۲ء)ص۲۳۔۲۸

اختر رضا خان بریلوی، مفتی

یادگارِ اعلیٰ حضرت منظر اسلام ہے ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۱۲۹

ارشاد احمد رضوی سہسرامی (علیگ)، محمد

حضرت ملک العلماء اور ان کے فتاوٰی ش۲۰(۲۰۰۶ء)ص۲۳۲۔۲۵۰

ارشاد علی سومرو، ڈاکٹر

Message V-17 (1997) P-29

ارشد القادری، رئیس التحریر، علامہ

امام احمد رضا اور ردّ قادیانیت ایک علمی جائزہ ش۱۸(۱۹۹۸ء)ص۴۵۔۵۱

دعوت حق مکتوبات رضا کی روشنی میں ش۱۲(۱۹۹۲ء)ص۹۰۔۹۸

ارشد نظر

ملکِ سخن کی شاہی کو رضا مسلّم ش۲۲(۲۰۰۲ء)ص۱۱۳۔۱۱۸

اسداللہ انصاری قادری رضوی، محمد

لمحۂ فکریہ ش۴(۱۹۸۴ء)ص۳۰۵۔۳۱۳

اسرار الحق حقانی، مخدوم زادہ قاضی محمد

مولانا احمد رضا خان بحیثیت علمی شخصیت ش۵(۱۹۸۵ء)ص۲۲۴۔۲۲۸

اسماعیل رضا ذبیح ترمذی، سید محمد

اعلیٰ حضرت بحیثیت نعت گو ش۲(۱۹۸۲ء)ص۱۴۵۔۱۵۳

امام احمد رضا کی نعتیہ شاعری اور علم معانی و بیان ش۸(۱۹۸۸ء)ص۱۰۹۔۱۳۰

ایک شعر ایک حقیقت (لمِ یاتِ نظیرک فی نظر) ش۴ (۱۹۸۴ء) ص۲۳۲۔۲۴۴

اشتیاق حسین قریشی، ڈاکٹر

دو قومی نظریہ اور مولانا احمد رضا خان بریلوی ش۳ (۱۹۸۳ء) ص۲۳۶۔۲۴۰

دو قومی نظریہ اور مولانا احمد رضا خان بریلوی ش۶ (۱۹۸۶ء) ص۸۳۔۸۹

اشرف آصف جلالی، مولانا محمد

امام احمد رضا کا علمی مقام ش۲۱ (۲۰۰۱ء) ص۵۳۔۵۵

مناظر کائنات، حسن رسول اور حدائق بخشش ش۲۴ (۲۰۰۴ء) ص۹۲۔۹۸

اصغر درس، علامہ محمد

امام احمد رضا کے خاندان درسیہ سے مراسم ش۱۶ (۱۹۹۶ء) ص۹۸۔۱۰۲

اظہر علی، ڈاکٹر سید

MULANA AHMED RAZA AND MR. JINNAH

V-II (1991) P. 21-33

THE ROLE OF ULEMA-I-AHL-I-SUNNAT IN

SAFEGUARDING

MUSLIM COMMUNITY'S INTERESTS IN INDIA.

V. 12 (1992) P. 27-38

اعجاز انجم لطیفی، ڈاکٹر مولانا

جامعہ رضویہ منظر اسلام اپنے مہتمم کے عہد میں ش۲۱ (۲۰۰۱ء) ص۱۴۵۔۱۵۷

فن تجوید و قرأت اور محدّث بریلوی ش۱۹ (۱۹۹۹ء) ص۱۷۔۲۲

افتخار عارف

فاضل بریلوی کی اردو نعت گوئی — ش۱۷(۱۹۹۷ء) ص۱۳۲۔۱۴۲

اقبال احمد اختر القادری

امام احمد رضا اور ڈاکٹر سر ضیاء الدین احمد — ش۱۱(۱۹۹۱ء) ص۲۰۹۔۲۳۰

امام احمد رضا کا اسلوب تحقیق — ش۱۷(۱۹۹۷ء) ص۱۴۸۔۱۵۴

امام احمد رضا کانفرنس کراچی — ش۲۰(۲۰۰۰ء) ص۸۸۔۸۹

بانئ منظر اسلام کا معیارِ تحقیق — ش۲۱(۲۰۰۱ء) ص۲۷۵۔۲۸۰

تحریک پاکستان پر امام احمد رضا کے اثرات — ش۱۶(۱۹۹۶ء) ص۱۴۶۔۱۵۹

تصنیفات و تالیفات امام احمد رضا ایک جائزہ — ش۱۸(۱۹۹۸ء) ص۱۵۸۔۱۶۲

فنِ تفسیر میں امام احمد رضا کی خدمات — ش۱۹(۱۹۹۹ء) ص۲۳۔۲۶

Word's of the Time V. 19 (1999) P. 24,25

(ترجمہ: فاطمہ عرفان شیخ)

اکبر اعوان، محمد

اعلیٰ حضرت، دین اسلام اور ناموس رسالت کے پاسبان

ش۱۹(۱۹۹۹ء) ص۱۲۸۔۱۳۵

الطاف علی بریلوی، سید

امام احمد رضا اور میرے ماموں سید ایوب علی رضوی — ش۳(۱۹۸۳ء) ص۵۸۔۶۰

کچھ یادیں، کچھ باتیں — ش۶(۱۹۸۶ء) ص۹۱۔۹۸

اللہ بخش عقیلی

اعلیٰ حضرت کا فقہی مقام — ش۴(۱۹۸۴ء)ص۵۳۔۵۷

مولانا احمد رضا خان بریلوی کے نثر پارے — ش۳(۱۹۸۳ء)ص۴۹۔۵۳

انیس احمد مصباحی، مولانا

عربی زبان وادب میں امام احمد رضا کی خدمات — ش۲۶(۲۰۰۶ء)ص۱۱۱۔۱۲۴

ایس اے ایس نقوی

IMAM AHMED RAZA KHAN'S PLACE IN URDU NAATIA POETRY — V.11 (1991) P-34-39

ایم آئی ارشد ائیر ایڈرل

اِرشادات حضرت احمد رضا خان بریلوی — ش۳(۱۹۸۳ء)ص۵۴۔۵۵

اِرشادات حضرت احمد رضا خان بریلوی — ش۴(۱۹۸۴ء)ص۳۱۴۔۳۱۵

حضرت احمد رضا خان بریلوی — ش۳(۱۹۸۳ء)ص۲۸۷۔۲۹۰

عشق رسول ﷺ اور امام احمد رضا — ش۳(۱۹۸۳ء)ص۷۵۔۷۶

ایم حسن امام ملک پوری

امام احمد رضا جدید سائنس کی روشنی میں — ش۵(۱۹۸۵ء)ص۹۴۔۱۱۱

ایم۔کے

A SHORT GLIMPSE OF AHMED RAZA — V-19 (1999) P. 21-23

ب

باربرا مٹکاف، ڈاکٹر

مولانا احمد رضا بریلوی ش۳(۱۹۸۳ء)ص۲۹۱-۲۹۳

IMAM AHMED RAZA A TOWEFING PERSONALITY

V. 11 (1991) P. 18

بہاءالدین شاہ، محمد

فاضل بریلوی کے ایک عرب خلیفہ شیخ احمد حضراوی ہاشمی، ش۱۹(۱۹۹۹ء)ص۲۰۳-۲۱۵

فاضل بریلوی اور علماء رداد(مکہ مکرمہ)۲ ش۲۰(۲۰۰۰ء)ص۶۱-۷۲

پ

پروفیسر صدیقی نوری، ڈاکٹر محمد

منظر اسلام اور اس کا اہتمام ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۳۱۰-۳۱۱

پریشان خٹک، پروفیسر

WITHOUT MAKING USE OF WRITINGS OF IMAM AHMED RAZA ISLAMIC TEACHINGS CANNOT BE INTERESTEDIN PRESENT AGE

V. 11 (1991) P. 63

تراب الحق قادری، علامہ شاہ

اعلیٰ حضرت اور سائنس ش۲۲(۲۰۰۲ء)ص۷۹-۸۵

تسلیم رضا خان بریلوی، محمد قاری

مرکز اہل سنت منظر اسلام ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۲۶۱-۲۶۲

تنظیم الفردوس، ڈاکٹر

امام احمد رضا کی شاعری میں ہیت کا تنوع — ش ۲۵ (۲۰۰۵ء) ص ۳۱۷۔۳۳۷

فن شاعری اور حسان الہند، ایک جائزہ — ش ۲۴ (۲۰۰۴ء) ص ۹۹۔۱۰۲

توصیف رضا خان، مولانا محمد

منظر اسلام، ایک بہترین تربیت گاہ — ش ۲۱ (۲۰۰۱ء) ص ۲۵۸۔۲۵۹

ج

جلال الدین ڈیروی، صوبیدار (ر)

امام احمد رضا ان کے ہم مسلک اور انگریز — ش ۲۲ (۲۰۰۲ء) ص ۱۳۹۔۱۴۳

جلال الدین قادری، علامہ محمد

آزادی کی منزل اور امام احمد رضا — ش ۲۳ (۲۰۰۳ء) ص ۱۲۵۔۱۳۲

امام احمد رضا کا نظریہ سائنس — ش ۱۶ (۱۹۹۶ء) ص ۸۷۔۹۷

امام احمد رضا کا نظریہ سائنس — ش ۲۲ (۲۰۰۲ء) ص ۶۹۔۷۷

شہزادۂ اعلیٰ حضرت حجتہ الاسلام مفتی حامد رضا خان قادری

ش ۱۱ (۱۹۹۱ء) ص ۲۶۷۔۲۹۵

منظر اسلام اپنے دور قیام کی اہم ضرورت — ش ۲۱ (۲۰۰۱ء) ص ۱۱۷۔۱۲۷

منظر اسلام بریلی کے اولین چند فضلاء — ش ۲۱ (۲۰۰۱ء) ص ۴۷۔۷۸

منظر اسلام کے چند مخلص معاونین — ش ۲۱ (۲۰۰۱ء) ص ۲۱۹۔۲۲۴

جلال الدین نوری، ڈاکٹر

برصغیر میں تحریک ترک تقلید اور فتاوٰی رضویہ ایک تحقیقی جائزہ

ش۲۳(۲۰۰۳ء)ص۳۹ـ۵۲

سید ابوالحسین احمد نوری میاں، حالات واقعات، آثار

ش۲۵(۲۰۰۵ء)ص۲۵۷ـ۲۶۴

فقہ حنفی کے ارتقاء میں فاضل بریلوی کا کردار ش۱۹(۱۹۹۹ء)ص۶۶ـ۷۸

مبلغ اسلام مولانا شاہ عبدالعلیم صدیقی القادری ش۲۲(۲۰۰۲ء)ص۱۶۷ـ۱۷۱

جلیل قدوائی، پروفیسر

مولانا احمد رضا خان کا نعتیہ کلام ش۲(۱۹۸۲ء)ص۱۱۷ـ۱۲۱

جمال الدین، پروفیسر ڈاکٹر سید

وہابی تناظر میں بریلوی تحریک کا مطالعہ باربرا مٹکاف کی تحقیقات کا جائزہ

ش۲۱(۱۹۹۲ء)ص۱۵۳ـ۱۶۶

A comparative study of Imam Ahmed Raza Khan's

Urdu Translation of the Meaning of the Holy Quran

V-22 (2002) P. 27-35

The Barelvis and The Khilafat Movement V.6 (a986) P 22-24

V.11 (1991) P 40-50

جمیل جالبی، ڈاکٹر

امام احمد رضا ایک عاشق رسول ش۴(۱۹۸۴)ص۴۶ـ۴۸

جمیل قلندر، پروفیسر

امام احمد رضا خان ایک موسوعاتی سائنسدان ش۲۳(۲۰۰۳ء)ص۸۴ـ۹۰

جی اے حق محمد، علامہ

امام احمد رضا کی وسعت علمی — ش ۱۷ (۱۹۹۷ء) ص ۱۴۳۔۱۴۷

فتاویٰ رضویہ ایک فقہی شاہکار — ش ۱۸ (۱۹۹۸ء) ص ۲۴۔۳۳

جی، ڈی، قریشی، پروفیسر

A "MAIRAJ" Poem (QASEEDA-E-MAiRAJIA) V-13 (1993) P. 11-19

IMAM AHMED RAZA'S COLLETION OF RELIGIOUS V-9 (1989) P. 20-22

IMAM AHMED RAZA'S RELIGIOUS PEOTRY V. 15 (1995) P.7

MULANA AHMED RAZA KHAN A PERSONAL VIEW V-7 (1987) P-18-20

THE RELIGIOUS POETRY OF IMAM AHMED RAZA BRALVI V.11 (1991) P 8-11, V. 12 (1992) P. 12-20

جے ایم ایس بلیان

IMAM AHMED RAZA KHAN A DUTCH SCHOLAR'S VIEW V.11 (1991) 19-20

INIAN MUFTIS AND THE PROHIBITION OF IMAGES V.15 (1995) P.12-17

VIEWS OF PR.DR. J.MS. BALJON V.7 (1987) P.13

حازم محمد احمد المحفوظ، دکتور السید

شیخ مشایخ التصوف الاسلامی و اعظم شعراء المدح النبوی فی العصر الحدیث (عربی) ش۱۹(۱۹۹۹ء)ص۱۴۔۱۶

حسن حقانی، علامہ محمد

اعلیٰ حضرت بحیثیت مسلم رہنما ش۲۲(۲۰۰۲ء)ص۹۵۔۹۶

حسن رضا، قاضی

فتاویٰ رضویہ اور عشق وادب ش۱۲(۱۹۹۲ء)ص۱۱۳۔۱۱۶

حسن رضا خان، ڈاکٹر

عہد رضا میں دینی تعلیم کی اہمیت اور معیار تعلیم ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۹۹۔۱۰۵

ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری ش۹(۱۹۸۹ء)ص۲۲۷۔۲۳۳

حسن رضا خان حسن قادری، علامہ محمد

عہد رضا کے مشتق فتاویٰ ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۲۹۵۔۳۰۹

حسن زاھد، ڈاکٹر محمد

امام احمد رضا عالم اسلام کے مایۂ ناز مفکر ش۲۲(۲۰۰۲ء)ص۱۳۵۔۱۳۸

حسن علی رضوی میلسی، علامہ محمد

حسام الحرمین کی حقانیت وصداقت وثقاہت ش۲۶(۲۰۰۶ء)ص۲۲۶۔۲۳۱

دارالعلو منظر اسلام اور مدرسہ دیوبند ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۱۹۹۔۲۰۶

مسلک اعلیٰ حضرت پر استقامت ش۲۵(۲۰۰۵ء)ص۲۶۵۔۲۷۹

حسن قادری، ڈاکٹر محمد

مدرسہ اہل سنت کے مؤسس اعلیٰ ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۲۵۔۲۹

حسن نظامی، خواجہ

امام اہل سنت کی سیاسی بصیرت — ش ۷ (۱۹۸۷ء) ص ۲۰۷-۲۰۸

حسن نواز شاہ

جہانگری مشائخ اور بریلوی علماء کے درمیان فکری مماثلت

ش ۲۶ (۲۰۰۶ء) ص ۲۱۲-۲۲۵

حسین مجیب المصری، دکتور

مولانا احمد رضا خان کما عرفته (عربی) — ش ۱۹ (۱۹۹۹ء) ص ۱۱-۱۳

مولانا احمد رضا واللغة العربية (عربی) — ش ۲۰ (۲۰۰۰ء) ص ۲۹-۳۹

حنیف اختر فاطمی، ڈاکٹر

IMAM AHMED RAZA AND HIS TRANSLATION OF THE HOLY QURAN...

V.7 (1987) P. 21-25

حشمت میاں فاخری، سید محمد

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا کی زندگی کا ایک اہم واقعہ — ش ۲ (۱۹۸۲ء) ص ۱۷۶-۱۷۹

خاندان فاخریہ سے اعلیٰ حضرت کے روابط — ش ۴ (۱۹۸۴ء) ص ۳۰۱-۳۰۴

خان افسر خان القادری محمد

صدائے صحافت — ش ۱۴ (۱۹۹۴ء) ص ۲۱۴-۲۲۶

خضر نوشاہی، ڈاکٹر سید

اعلیٰ حضرت اور فن تاریخ گوئی — ش ۱۶ (۱۹۹۶ء) ص ۷۱-۷۸

خلیل احمد رانا

امام احمد رضا علمائے شام کی نظر میں ش۲۵ (۲۰۰۵ء) ص ۲۱۳۔۲۴۰

امام احمد رضا کی صحبت یافتہ نادرز من ہستی مفتی امید علی خان گیاوی
ش۱۸ (۱۹۹۸ء) ص ۱۹۰۔۱۹۸

پروفیسر محمد اسلم کے ''سفرنامہ ہند'' سے متعلق چند معروضات
ش۲۶ (۲۰۰۶ء) ص ۱۵۷۔۱۷۵

خورشید احمد گیلانی، صاجزادہ سید

اعلیٰ حضرت بریلوی ایک نابغۂ عصر ش۱۶ (۱۹۹۶ء) ص ۹۳۔۹۷

ڈ

ڈائیوڈ جی بولن، ڈاکٹر

Poetry and Theology the Work of Imam Ahmed Raza
V.11 (1991) P. 12-17

ذ

ذاکراللہ الکوزئی افغانی، محمد

اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان افغانی ش۲۰ (۲۰۰۰ء) ص ۵۹۔۶۰

ر

راشد حسین قادری

A Forgotten Omniscient V.9 (1989) P. 13-19

ش۴(۱۹۸۴ء)ص۲۹۳۔۳۰۰

امام احمد رضا ایک عظیم مسلمان سائنسدان ش(۱۹۸۱ء)ص۹۰۔۹۷

امام احمد رضا ایک عظیم مسلمان سائنسدان ش۲(۱۹۸۲ء)ص۱۲۵۔۱۴۰

انموذ جات مخطوطات امام احمد رضا ش۳(۱۹۸۳ء)ص۳۲۹۔۳۲۴

پیش لفظ مسئلہ علم غیب ش۳(۱۹۸۳ء)ص۱۰۱۔۱۰۲

خطبۂ استقبالیہ امام احمد رضا کانفرنس کراچی ۱۹۸۲ء ش۳(۱۹۸۳ء)ص۲۴۔۳۲

خطبۂ استقبالیہ امام احمد رضا کانفرنس کراچی ۱۹۸۳ء ش۴(۱۹۸۴ء)ص۳۹۔۴۵

خطبۂ استقبالیہ امام احمد رضا کانفرنس کراچی ۱۹۸۴ء ش۵(۱۹۸۵ء)ص۱۸۴۔۱۹۰

خطبۂ استقبالیہ امام احمد رضا کانفرنس اسلام آباد ۱۹۸۴ء ش۵(۱۹۸۵ء)ص۲۰۳۔۲۰۴

خطبۂ استقبالیہ امام احمد رضا کانفرنس اسلام آباد ۱۹۸۴ء ش۵(۱۹۸۵ء)ص۲۰۳۔۲۰۴

دو علمی شاہکار ش۲(۱۹۸۲ء)ص۲۰۵۔۲۰۸

رضا کونسل کا قیام اغراض و مقاصد ش۳(۱۹۸۳ء)ص۳۴۵۔۳۴۷

رضا کونسل کا قیام اغراض و مقاصد ش۴(۱۹۸۴ء)ص۳۱۶۔۳۱۷

مجدد ملت امام احمد رضا بحیثیت سائنسدان، حکیم اور فلسفی

ش۶(۱۹۸۶ء)ص۱۲۱۔۱۲۹

یادگار اعلیٰ حضرت، دعائے رضا اور نوید نوری ش۲(۱۹۸۲ء)۲۱۷۔۲۲۴

ریاض مجید، ڈاکٹر

امام احمد رضا کی اردو نعت گوئی ش۱۶(۱۹۹۶ء)ص۱۱۴۔۱۲۵

ز

زاہد سراج القادری، سید

امام احمد رضا اور پیر مہر علی شاہ — ش۱۴(۱۹۹۴ء)ص۱۶۷۔۱۸۷

زین العابدین راشدی، سید

سرزمین سندھ میں امام احمد رضا کی مقبولیت — ش۱۶(۱۹۹۶ء)ص۱۳۰۔۱۳۲

س

سبحان رضا خان نوری، مولانا محمد

منظر اسلام مہتمم کی نظر میں — ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۱۵۹۔۱۶۱

فاضل بریلوی اور ردّ فلاسفہ — ش۱۹(۱۹۹۹ء)ص۱۲۵۔۱۲۷

سبطین احمد، سید ابو طاہر

امام احمد رضا، علوم کا ایک بحر بیکراں — ش۵(۱۹۸۵ء)ص۲۲۹۔۲۳۳

سراج احمد القادری بستوی، ڈاکٹر

اصلاح معاشرہ میں امام احمد رضا کی سعی — ش۱۲(۱۹۹۲ء)ص۹۹۔۱۱۲

امام احمد رضا کی شاعری کا پس منظر — ش۲۵(۲۰۰۵ء)ص۳۲۸۔۳۳۷

خلیفۂ اعلیٰ حضرت مولانا نعیم الدین مرادآبادی اور ان کی نعتیہ شاعری — ش۱۷(۱۹۹۷ء)ص۱۵۸۔۱۶۹

رضا بریلوی کا مجموعہ کلام الاستمداد — ش۱۸(۱۹۹۸ء)ص۱۲۴۔۱۴۱

سرتاج حسین رضوی، ڈاکٹر محمد

حافظ پیلی بھیتی اور منظر اسلام ش۱۲(۲۰۰۱ء)ص۲۶۶۔۲۶۹

سرور اکبر آبادی، ڈاکٹر

اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خان بحیثیت عاشق رسول ش۳(۱۹۸۳ء)ص۳۴۔۴۰

سعید بن یوسف زئی، علامہ

کنزالایمان اہل حدیث کی نظر میں ش۳(۱۹۸۳ء)ص۹۰۔۹۹

سعید حسن قادری، صاحبزادہ

رودادِ امام احمد رضا کانفرنس کراچی ۱۹۸۲ء ش۳(۱۹۸۳ء)ص۸۔۱۴

سفیر اختر، ڈاکٹر

فیضان رضا پنجاب میں ش۱۶(۱۹۹۶ء)ص۱۶۰۔۱۶۳

سلیم اللہ جندران، محمد

اسلامی فلسفہ تعلیم کا بنیادی موضوع بانئ منظر اسلام کے تعلیمی نظریات کی روشنی میں

ش۲۱(۲۰۰۱ء)ص۳۷۔۵۱

اسلامی معاشرہ کی تشکیل میں امام رضا بریلوی کا کردار

ش۲۰(۲۰۰۰ء)ص۴۰۔۴۷

امام احمد رضا کا طریقۂ تدریس ش۲۴(۲۰۰۴ء)ص۱۲۷۔۱۳۳

تعمیر شخصیت اور تربیت اولاد کا اسلامی نفسیاتی ماڈل

تعلیمات امام احمد رضا کی روشنی میں ش۲۵(۲۰۰۵ء)ص۲۸۰۔۲۸۳

مقاصد تعلیم امام احمد رضا کی نظر میں ش۱۹(۱۹۹۹ء)ص۱۳۶۔۱۴۶

